# 31-05-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ 2 جون کو تلنگانہ کی یومِ تاسیس تقریب عظیم الشان پیمانہ پر منانے کے لیے سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں انتظامات حتمی مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔

۲۔ کانگریس، جنگ کے معاملات کو سیاسی رنگ نہیں دے رہی ہے، یہ وضاحت وزیر اتم کمار ریڈی نے حیدرآباد میں خطاب کرتے ہوئے کی۔

۳۔ تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے کمانڈ کنٹرول سنٹر میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا، جس میں ریاست بھر میں گوشالاؤں کی ترقی، انتظام وتحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

۴۔ مس ورلڈ 2025 کے گرینڈ فائنل آج شام حیدرآباد میں ہو رہا ہے۔

اور

۵۔ جنوب مغربی مانسون نے تلنگانہ میں دستک دے دی ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست میں درمیانے سے شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

SEETHAKKA

عادل آباد ضلع کی انچارج وزیر سیتکا نے کہا ہے کہ کسانوں کو نقلی بیج فروخت کر کے دھوکہ دینے والے تاجروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے منچریال میں منعقدہ متحدہ عادل آباد ضلعی سطح کے جائزہ اجلاس میں شرکت کی، جس میں دھان کی خریداری، اندراماّ ہاؤسنگ، بھو بھارتی، اور خریف فصل کی تیاریوں کے سلسلے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اندراماّ مکانات تمام اہل استفادہ کنندگان کو منظور کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بھو بھارتی قانون کسانوں کے لیے نہایت فائدہ مند ثابت ہوگا۔

SEETHAKKA BYTE

MISS WORLD

مس ورلڈ 2025 کے گرینڈ فائنل آج شام حیدرآباد میں ہو رہا ہے۔ جملہ 108 حسیناوں نے گذشتہ ایک ماہ کے دوران تلنگانہ میں منعقدہ مختلف ثقافتی، فلاحی، اور تخلیقی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ چار براعظمی گروپوں میں سے ہر ایک میں

سے 10-10 امیدواروں کو کوارٹر فائنل کے لیے منتخب کیا گیا ہے، جہاں جملہ 40 امیدوار حصہ لیں گے۔اسی دوران مزید چار امیدواروں کو "ملٹی میڈیا چیلنج" کے تحت ٹاپ 40 میں شامل ہونے کا موقع دیا جائے گا۔اس طرح فاسٹ ٹریک کی گئی امیدواروں کی تعداد 16 ہو جائے گی، جبکہ باقی 24 امیدواروں کا انتخاب جیوری کرے گی۔

FIT INDIA

فٹ انڈیا سنڈے آن سائیکل پروگرام کے 25 ویں ایڈیشن کے تحت کل ملک بھر میں ترنگا ریلی کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر برائے امور نوجوانان و کھیل، ڈاکٹر منسکھ منڈاویا دہلی میں خصوصی تقریب کی قیادت کریں گے۔ وزارت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 3 جون کو عالمی یوم سائیکل کے موقع پر ہونے والی اس مہم سے نہ صرف فٹنس کی اہمیت اجاگر ہوگی بلکہ یہ ہندوستانی مسلح افواج کو ایک اجتماعی خراج عقیدت بھی ہوگا۔وزارت کے مطابق اس مہم نے زبردست مقبولیت حاصل کی ہے، جو ملک بھر میں 5,500 سے زائد مقامات پر منعقد کی جارہی ہے اور اس میں تین لاکھ سے زائد شہریوں نے حصہ لیا ہے۔

NO TOBACCO DAY

نو تمباکو ڈے: آج دنیا بھر میں 'نو تمباکو ڈے' منایا جارہا ہے تاکہ تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے متعلق آگاہی فراہم کی جا سکے۔ یہ دن عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو۔ایچ۔او) کی جانب سے تمباکو کے استعمال کے خاتمے کے لیے منایا جاتا ہے جس میں ان مصنوعات کے پوشیدہ نقصانات کو اجاگر کیا جارہا ہے، خاص طور پر وہ مصنوعات جو پرکشش ذائقوں اور پیکنگ میں پیش کی جاتی ہیں۔

MAOISTS

ممنوعہ ماؤسٹ پارٹی سے تعلق رکھنے والے 8 ماؤنوازوں نے آج ضلع مُلگ کے ایس پی ڈاکٹر شبریش کے سامنے خودسپردگی اختیار کی۔خودسپردگی کرنے والوں میں ایک ڈویژنل کمیٹی رکن، دو ایریا کمیٹی اراکین، تین پارٹی کارکنان، اور باقی چار ملیشیا ارکان شامل ہیں۔ ایس پی ڈاکٹر شبریش نے بتایا کہ ضلع پولیس ان خودسپردہ ماؤنوازوں کے لیے بازآبادکاری کی سہولتیں فراہم کرنے پر کام کررہی ہے۔

BYTE - SP

BHATTI

سب پلان کے تحت قبائلی برادریوں کے لیے 17,169 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، جب کہ 1,296 کروڑ روپے کی غیر استعمال شدہ رقم کو بھی شامل کرلیا گیا ہے۔ یہ بات نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے ضلع بھدرا چلم کے کنّیر اسانی میں قبائلی مزدوروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ راجیو یوواو کاسم اسکیم کے تحت قبائیلیوں کے لیے 1,000 کروڑ روپے مختص کیے جا رہے ہیں۔ مزید کہا کہ قبائلیوں کی خودداری کے ساتھ زندگی کو یقینی بنانے کے لیے 6.70 لاکھ ایکڑ زمین پر "اندرا سوارا گری جل وکاسم" اسکیم کے تحت 12,500 کروڑ روپے کی لاگت سے کاشت کاری کی جائے گی۔ انہوں نے نلاملہ اعلامیہ کی اہمیت کو اجاگر کیا، جو قبائیلیوں کے حقوق اور وقار کے تحفظ کے لیے متعارف کروایا گیا ہے۔

BYTE - BHATTI

کوتہ گوڑم میں بھٹی وکرامارکہ نے سنگارینی ایریا جنرل منیجر کے دفتر اور ایریا ورکشاپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اگر سنگارینی کارکن حادثے میں جان گنوا دیں تو ایک کروڑ روپے کا معاوضہ انشورنس کے ذریعہ دیا جائے گا، اور مہلوک مزدور کے ارکان خاندان کو ہمدردانہ تقرری فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ آئندہ 30 برسوں کے دوران 2.2 کروڑ ٹن کوئلہ نکالنے کے لیے نئی کانیں تیار ہیں۔ ساتھ ہی کوئلہ کے علاوہ منافع بخش معدنیات کے بھی ذخائر کی تلاش کے منصوبے موجود ہیں۔

VEMULAWADA:

ویملواڈا کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے شری راجا راجیشور سوامی مندر کے بیلوں کی دیکھ بھال کے لیے مندر حکام کو خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی ہے۔ کلکٹر نے ویملواڈا کے ٹِپّا پور میں واقع گاؤ شالہ کا اچانک معائنہ کیا، جہاں انہوں نے چارے اور دیگر فراہم کردہ سامان کے معیار کے ساتھ مجموعی صفائی کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ حالیہ غیر موسمی بارش اور صحت کے مسائل کی وجہ سے 8 بیل ہلاک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ بیلوں کی اموات کے بارے میں سوشل میڈیا پر غیر ضروری اور غلط معلومات نہ پھیلائیں۔

CM

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے کمانڈ کنٹرول سنٹر میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا، جس میں ریاست بھر میں گوشالاؤں کی ترقی، انتظام وتحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے اجلاس میں عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دیں جو گاوشالاؤں کے قیام کے لئے جامع ایکشن پلان مرتب کرے اور مقررہ مدت کے اندر اس پر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔ انہوں نے زور دیا کہ گاوشالائیں ایسی ہونی چاہئیں جہاں گائیوں کی نگہداشت، آزادی سے چرنے، اور آرام دہ قیام کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے پہلے مرحلے میں ویٹرنری وزرعی جامعات، ان سے منسلک کالجوں اور مندروں کی اراضی پر گاوشالائیں قائم کرنے کی تجویز دی۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ فوراً موزوں اراضی کی نشاندہی کریں اور ہر گاوشالا کے لیے کم از کم 50 ایکڑ زمین مختص کی جائے۔ ریونت ریڈی نے گایوں کو قید میں رکھنے کے بجائے کھلی جگہوں میں چرنے کی سہولت فراہم کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے جدید انفراسٹرکچر کی منصوبہ بندی، تعمیر، دیکھ بھال اور جانوروں کی نگہداشت کے لیے تفصیلی بجٹ تجاویز تیار کرنے کی ہدایت دی۔

DK ARUNA

مراٹھا سلطنت کی رانی اہلیا بائی ہولکر ایک مثالی حکمرانی کی علامت تھیں۔ یہ بات بی جے پی کی قومی نائب صدر ڈی کے ارونا نے اہلیا بائی ہولکر کی 300 ویں یومِ پیدائش کی تقاریب کے موقع پر ضلع محبوب نگر کے بی جے پی دفتر میں کہی۔ انہوں نے بتایا کہ بی جے پی ملک بھر میں اہلیا بائی کی زندگی، بہادری اور انتظامی صلاحیتوں سے عوام کو روشناس کرانے کے لیے دس روزہ تقاریب کا اہتمام کررہی ہے۔

UTTAM

کانگریس، جنگ کے معاملات کو سیاسی رنگ نہیں دے رہی ہے، یہ وضاحت وزیر اتم کمار ریڈی نے حیدرآباد میں خطاب کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا کہ جنگ سے متعلق امور عوام کے سامنے شفاف طور پر لانے چاہئیں، ان میں کامیابیاں بھی شامل ہوں اور ناکامیاں بھی۔ انہوں نے یہ بھی نشاندہی کی کہ چیف آف ڈیفنس اسٹاف (سی ڈی ایس) نے ایک انٹرویو میں اعتراف کیا تھا کہ رافیل جنگی طیارے تباہ ہوئے تھے۔ اتم کمار ریڈی نے سوال کیا کہ اگر وہی بات کانگریس کہے تو کیا اُسے ملک دشمن کہا جائے گا؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت یہ افشا کرے کہ آپریشن سندور کے

دوران ہندوستان نے کتنے لڑاکا طیارے کھوئے تھے۔ ساتھ ہی مرکز سے یہ اپیل بھی کی کہ لڑاکا طیارے اور اسلحہ ہندوستانی فضائیہ کو بروقت فراہم کیے جائیں۔

KODANDA REDDY

تلنگانہ کسان کمیشن کے صدر کودنڈا ریڈی نے مرکزی حکومت کی جانب سے پام آئل پر درآمدی ڈیوٹی کم کرنے کے حالیہ فیصلے پر شدید اعتراضات کئے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ یہ فیصلہ ریاست کے پام آئل کسانوں کو شدید معاشی نقصان پہنچائے گا۔ ہفتہ کے روز جاری کردہ ایک بیان میں کودندا ریڈی نے کہا کہ یہ فیصلہ نہایت غلط وقت پر کیا گیا ہے اور الٹا اثر ڈالنے والا ہے، خاص طور پر ایسے وقت میں جب وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ حکومت پام آئل کی کاشت کو فروغ دینے کے لیے مختلف مراعات اور سبسڈی اسکیمیں نافذ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا، "ریونت ریڈی حکومت پام آئل کی کاشت کو فروغ دینے کے لیے پرکشش معاون اسکیمیں چلا رہی ہے، جس سے کسانوں میں گہری دلچسپی پیدا ہوئی ہے۔ ایسے نازک وقت میں مرکزی حکومت کا درآمدی ڈیوٹی اچانک کم کرنا، پام آئل کے کسانوں کے لیے کسی بجلی کے کوندے سے کم نہیں۔" کودندا ریڈی نے تشویش ظاہر کی کہ اس فیصلے سے صرف درآمدات پر انحصار کرنے والی صنعتوں اور بین الاقوامی کارپوریشنز کو فائدہ ہوگا، جبکہ مقامی کسان، جنہوں نے پام آئل باغات میں بھاری سرمایہ کاری کی ہے، شدید نقصان اٹھائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا، "یہ پہلا موقع نہیں ہے جب مرکزی حکومت نے درآمدی ڈیوٹی میں تبدیلی کر کے ملٹی نیشنل کمپنیوں کو فائدہ پہنچایا ہو۔ ایسی پالیسیاں ان کمپنیوں کے لیے بے پناہ منافع کا ذریعہ بنتی ہیں، مگر ملکی زراعت کی طویل مدتی پائیداری کو نقصان پہنچاتی ہیں۔'

DGP

تلنگانہ کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس (ڈی جی پی) ڈاکٹر جتیندر نے بیج اور کیمیائی ادویات فروخت کرنے والے افراد کو خبردار کیا ہے کہ جعلی مصنوعات کی فروخت پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ اگر وہ قصوروار پائے گئے تو ان کے خلاف پی ڈی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ حال ہی میں وقارآباد، گدوال، راچہ کنڈہ، ورنگل اور راما گنڈم اضلاع میں بڑی مقدار میں جعلی بیج، غیر قانونی طور پر تیار شدہ کیڑے مار ادویات اور کھادیں ضبط کی گئی ہیں۔ ڈاکٹر جتیندر نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ صرف مجاز ڈیلروں سے ہی بیج خریدیں۔ شہریوں کو چاہیے کہ وہ اپنے قریبی پولیس اسٹیشن کو جعلی بیج، کھاد اور ادویات کی فروخت کی اطلاع دیں۔

WEATHER

جنوب مغربی مانسون نے تلنگانہ میں دستک دے دی ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست میں درمیانے سے شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس سلسلے میں کئی اضلاع کے لیے ایلو الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔

DAY

تلنگانہ کی یومِ تاسیس تقریب عظیم الشان پیمانہ پر منانے کے لیے سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں انتظامات حتمی مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اس تقریب میں مختلف سیکورٹی دستوں کی پریڈ عوام کی توجہ کا مرکز بنے گی۔ اس مقصد کے لئے مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والے پولیس ملازمین کی جانب سے ریہرسلیں بھی جاری ہیں۔ تقریب کے دوران پولیس بینڈ، سلامی، اور روایتی مارچ پاسٹ سمیت کئی مظاہرے پیش کیے جائیں گے، جن کی مشقیں گزشتہ چند دنوں سے جاری ہیں۔